انجمن محبانِ رسول، وحدت کالونی، لاہور۔ قیمت ڈیڑھ روپیہ۔ صفحات ۴۷۔

اسلامیہ گرلز کالج، لاہور چھاؤنی میں گزشتہ سال مجلسِ حسنِ قرأت منعقد ہوئی۔ اس میں طالبات نے جو مختلف مقالات پڑھے، زیرِ تبصرہ رسالہ اُن کا مجموعہ ہے۔ آغاز میں مؤلف کا ایک پیغام بھی جس میں فنِ تجوید کی فضیلت بیان کی گئی ہے، درج ہے۔

قرآن مجید کو جذب و شوق اور صحت کے ساتھ پڑھنے کا جذبہ بڑا قابلِ قدر ہے لیکن ہمیں اس بات کو ہرگز فراموش نہ کرنا چاہیے کہ اس مقدس جذبے کے ساتھ جب غلط قسم کا جذبۂ نمائش شامل ہو جاتا ہے تو اس کی دینی اہمیت مجروح ہوتی ہے۔ مثلاً اس رسالے میں فاضل مؤلف نے بڑی مسرت کا اظہار کیا ہے کہ کالج کی طالبات نے لا کالج میں مقابلۂ حسنِ قرأت میں انعامات حاصل کیے۔ ہمارے نزدیک یہ کوئی قابلِ رشک کارنامہ نہیں۔ اس کے علاوہ کتاب میں املا کی بعض بڑی فاش غلطیاں رہ گئی ہیں۔

**آدابِ اردو** | تالیف: جناب حکیم گلچین صاحب کرنالی۔ شائع کردہ: اردو منشن ملتان۔ قیمت دو روپے پچاس پیسے۔

اُردو زبان، فارسی، عربی، ہندی اور انگریزی الفاظ سے مرکب ہے۔ اس لیے یہ بحث شروع ہی سے چلی آرہی ہے کہ کیا اُردو میں مستعمل الفاظ کے تلفظ کو اُسی زبان کے قاعدے کے مطابق ضبط کیا جائے یا اُردو میں اس کا جو تلفظ مروّج ہے اُسے ہی معیار سمجھا جائے۔ آدابِ اردو کے مصنف دوسرے طرزِ فکر کے حامل ہیں۔ چنانچہ وہ نہ صرف الفاظ کے اُردو تلفظ کے حق میں ہیں بلکہ اردو تراکیب کو بھی ترجیح دیتے ہیں۔ یہ کتاب معلومات افزا ہے۔ اُردو سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کو اس میں بہت سی کام کی باتیں مل سکتی ہیں۔

---

**حضرت اکبر کے شب و روز** | تالیف: جناب محمد رحیم دہلوی۔ شائع کردہ: مکتبہ رشیدیہ کراچی۔ قیمت پانچ روپے۔ صفحات ۲۷۶۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حضرت اکبر الٰہ آبادی کے کلام اور زندگی کے حالات پر بہت کچھ لکھا گیا ہے۔ اس کتاب کے فاضل مصنف نے اکبر کے خطوط اور تحریروں سے تاریخ وسن وار اُن کے حالات اور خیالات کو بڑی خوش اسلوبی سے قلمبند کیا ہے خطوط اور اسی طرح کی نجی تحریریں چونکہ دل کی زیادہ بہتر ترجمان ہوتی ہیں اس لیے ایک انسان کو سمجھنے میں ان سے بے حد مدد ملتی ہے۔ حضرت اکبر کی یہ تحریریں پڑھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک دلِ حسّاس مغربی تہذیب کی یلغار کو کن تشویشناک نگاہوں سے دیکھ رہا تھا اور غم و اندوہ کے کونسے جذبات اُس کے سینے میں پرورش پا رہے تھے۔ اس کے کلام میں طنز و مزاح کے جو مختلف پہلو ہمیں نظر آتے ہیں وہ درحقیقت ٹیسیں تھیں جو اُسے مضطرب اور پریشان کر رہی تھیں۔

فاضل مرتب نے آغاز میں ایک قیمتی پیش لفظ لکھ کر کتاب کی افادیت میں اضافہ کر دیا ہے۔

---

**اسلام کا تعارف** تالیف: جناب وحید الدین خاں صاحب۔ شائع کردہ: مکتبہ معاویہ ۱۱/۳ بی ۳۰ ایریا، لیاقت آباد، کراچی ۱۹۔ قیمت ۳۲ پیسے صرف۔

اس کتابچے میں اسلام کا بڑے آسان انداز میں مختصر تعارف پیش کیا گیا ہے۔ غیر مسلموں کو اسلام سے روشناس کرانے کے لیے یہ ایک مستحسن کوشش ہے۔

---

**ادب منزل بمنزل** تالیف: محترمہ سیدہ انیس فاطمہ صاحبہ بریلوی۔ شائع کردہ: اکیڈمی آف ایجوکیشنل ریسرچ آل پاکستان۔ ایجوکیشنل کانفرنس کراچی۔ قیمت ۴ روپے صفحات ۲۲۳۔

اُردو ادب کی ترویج و ترقی میں خواتین نے ناول اور افسانے کی طرف تو اچھی خاصی توجہ دی ہے مگر نقد و نظر کے میدان میں ہمیں ان کا کوئی نمایاں کام نظر نہیں آتا۔ محترمہ سیدہ انیس فاطمہ



© rasailojaraid.com